ادارہ

مسافرینِ آخرت

O مجلس احرار اسلام چکڑالہ ضلع میانوالی کے مخلص کارکن جناب ڈاکٹر طاہر محمود اعوان صاحب کے والدِ گرامی محترم گل جہان انتقال کر گئے۔ موصوف چکڑالہ کے بزرگ احرار کارکن تھے اور تادم واپسیں احرار سے وابستہ رہے۔

O حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کے ارادت مند اور مجلس احرار اسلام کے قدیم معاون محترم محمد حنیف صاحب ٹریفک کے ایک حادثہ کے باعث وفات پا گئے۔ آپ کا تعلق بستی فقرشاہ تحصیل میلسی سے تھا اور ان دنوں بوسن روڈ ملتان میں ایک بستی میں قیام پذیر تھے۔ نہایت مخلص، ہمدرد اور محبت رکھنے والے بزرگ تھے۔

O نقیب ختم نبوت کے سرکولیشن مینجر محمد یوسف شاد کی نانی صاحبہ ام ظفر ۱۰ مئی کو رحلت فرما گئیں۔

O ننکانہ صاحب سے ہمارے مہربان اور کرم فرما محترم خالد متین صاحب کی والدہ ماجدہ انتقال فرما گئیں۔

O میانوالی کے مشہور عالم دین اور مجلس احرارِ اسلام کے سابق کارکن مولانا محمد رمضان وفات پا گئے۔

O تحفظ ختم نبوت کے مبلغ جناب زرین خان صاحب (کچا کھو) رحلت فرما گئے۔

O محترم شیخ عبدالغنی صاحب (چیچہ وطنی) کے سمدھی اور شیخ عبدالواحد صاحب (گلاسگو برطانیہ) کے سسر، شیخ مشتاق صاحب گزشتہ دنوں اللہ کو پیارے ہو گئے۔

O جناب عبدالواحد احرار خازن جمعیت علماء اسلام ملتان کے والد صاحب ۱۶ مئی ۹۳ء کو ملتان میں رحلت فرما گئے ہیں۔

اراکین ادارہ تمام مرحومین کی مغفرت کیلئے دعاء گو ہیں اور لواحقین کے غم میں شریک ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ (مدیر)

دعاءِ صحت

O مجلس احرارِ اسلام رحیم یار خان کے انتہائی مخلص، وفادار اور ایثار پیشہ کارکن جناب مولوی محمد بلال صاحب علیل ہیں۔

O مجلس احرارِ اسلام سکھر کے نوجوان کارکن محترم ڈاکٹر حادی بخش صاحب کی والدہ ماجدہ علیل ہیں۔

O مجلس احرارِ اسلام مرید کے کے صدر محترم حکیم محمد صدیق تارڑ صاحب کچھ عرصہ سے بیمار ہیں۔

قارئین ہر سہ حضرات کیلئے خصوصاً اور دیگر تمام مریضوں کیلئے عموماً شفاء کی دعا فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ عطاء فرمائے (آمین)

(ادارہ)